web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED

Daily PEARL VIEW

Member AKNS

Rawalakot

ایڈیٹرانچیف: شفقت ضیاء

راولاکوٹ

اسلام آباد

روزنامہ

پرل ویو

Email: dailypearlview@gmail.com

جلد:09	جمعۃ المبارک 10 مارچ 2023ء، 17 شعبان 1444، 27 پھاگن 2078 ب	صفحات 04 قیمت 20 روپے	شمارہ 018

جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی اکیڈمک کونسل کا 20واں اجلاس اہم تدریسی امور کی منظوری

طلبہ کیلئے سہولیات کی فراہمی، موثر تدریس اور مشکلات سے بچنے کیلئے واضح قوانین کا ہونا ضروری ہے، ڈاکٹر عبدالرؤف

ڈیپارٹمنٹل کونسلوں کی تنظیم نو سمیت اہم تدریسی امور کی منظوری، ڈاکٹر دلنواز گردیزی، ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈاکٹر خواجہ فاروق اور دیگر کی شرکت

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی اکیڈمک کونسل کا 20واں اجلاس ڈین فیکلٹی آف بیسک اینڈ اپلائیڈ سائنسز و رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالرؤف خان کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں بعض شعبوں کی ڈیپارٹمنٹل کونسل کی تنظیم نو، الحاق شدہ کالجز میں ونٹر سمسٹر سمیت تدریس سے متعلق اہم امور کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں سابق پروفیسر جامعہ پونچھ، سابق وائس چانسلر یونیورسٹی آف کوٹلی پروفیسر ڈاکٹر دلنواز احمد گردیزی، ڈین ایگریکلچر پروفیسر (بقیہ 30 صفحہ 03)

راولاکوٹ، جامعہ پونچھ کی اکیڈمک کونسل کے اجلاس میں ڈین بیسک سائنسز ڈاکٹر عبدالرؤف خان، ڈاکٹر دلنواز گردیزی، ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈاکٹر رفیق خان اور دیگر شریک ہیں

ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈائریکٹر لودھراں کیمپس پروفیسر ڈاکٹر خواجہ فاروق احمد، پروفیسر ایمریٹس ڈاکٹر محمد رفیق خان، ڈاکٹر محبوب عالم، ڈاکٹر ذوالفقار علی شاہ، ڈاکٹر ذوالفقار کھوکھر، ڈاکٹر ماجد محمود طاہر، محمد نسیم خان، ڈاکٹر محمد ذبیر، خورشید قاسم سمیت دیگر تدریسی اور انتظامی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالرؤف خان نے کہا کہ تدریسی امور کی موثر انداز میں انجام دہی اور مشکلات سے بچنے کیلئے واضح قانون سازی ضروری ہے۔ انھوں نے کہا کہ جامعات میں قانون سازی مسلسل عمل ہے طلبہ کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی میں جامعہ کے واضح قوانین کی اہمیت مسلمہ ہے۔